**PAPER CODE: BU2021102**

# KALOJI NARAYANA RAO UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES

**TELANGANA STATE, WARANGAL – 506 002**

**BUMS FIRST YEAR DEGREE SUPPLEMENTARY EXAMINATIONS: SEPTEMBER 2025**

## URDU ARABIC AND MANTIQ WA FALSAFA

**(URDU, ARABIC, LOGIC AND PHILOSOPHY)**

(Paper II – MANTIQ WA FALSAFA)

**Time: 3 Hours.** **Max Marks: 100**

**Note:** Answer all questions.
Give Diagrammatic representation wherever necessary.

---

**Write ALL of the following Multiple-Choice Questions:** **20 X 1 = 20**

1 1- وہ علم کونسا ہے جس کا موضوع تعریف اور دلیل ہے؟
A-علم حکمت B-علم ہیئت
C-علم منطق D-علم النفس

2 2- وہ علم کونسا ہے جو تعریف کا محتاج نہ ہو؟
A - تصور بدیہی B- تصور نظری
C- تصدیق بدیہی D- تصدیق نظری

3 3- دلیل کا دوسرا نام کیا ہے:
A- قول شارح B- معرّف
C- تعریف D- حجت

4 4- دلالت عقلی سے کیا مراد ہے؟
A- دلالت طبیعت کے تقاضہ سے ہو B- دلالت کسی کے مقرر کرنے سے ہو
C- دلالت وضع کی وجہ سے ہو D- مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں

5 5- انسان اور حیوان کے درمیان کونسی نسبت ہے؟
A- تساوی B- تباین
C- عموم خصوص مطلق D- عموم خصوص من وجہ

6 6- "اگر سورج نکلے گا تو دن ہوگا" کونسا قضیہ ہے؟
A- قضیہ حملیہ B- قضیہ شرطیہ متصلہ
C- قضیہ شرطیہ منفصلہ D- مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں

7 7- دو قضیوں کے درمیان تناقض کے پائے جانے کے لئے کتنی شرطیں ہیں؟
A- 3 B- 5
C- 7 D-8

8 8 -استقراء کس کی قسم ہے؟
A- حجت کی B- تعریف کی
C- علم کی D-دلالت کی

9 9- حکمت طبیعی کس کی شاخ ہے؟
A- حکمت عملی کی B- حکمت نظری کی
C- مذکورہ بالا دونوں کی D- مذکورہ بالا میں سے کسی کی نہیں ہے

10 10- حکمت ریاضی کا موضوع کیا ہے؟
A- جسم تعلیمی B- جسم طبیعی
C- مذکورہ بالا دونوں D- مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں

11 11- کسی بھی چیز کی حد بندی کرنے والی ہیئت وصورت :
A- زمان B- مکان
C- حیز D- شکل

12 12- حرکت کے لئے کن چھ چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟
A- مبدأ ومنتہائے حرکت کی B - متحرک و محرک کی
C- مسافت ووقتِ حرکت کی D- مذکورہ بالا سبھی کی

13 13- حرکت کی تیزی اور سستی کا اندازہ کرنے والا آلہ :
A- زمانہ B- مکان
C-حیّز D- شکل

1 14- کونسے فلاسفہ کے نزدیک پوری کائنات دہن، ملح اور کبریت سے مرکب ہے؟
4 A-اہل اکسیر یا اہل کیمیاء B- حکماء اسلام
C- فلاسفۂ مشائیہ D- حکماء ہند

1 15- مندرجہ ذیل میں سے کونسا مجموعہ مرکبات تامہ کی مثال ہے؟
5 A- سونا، درخت، گھوڑا ، انسان B- کہرا، شبنم، پالا
C- ابر ، برق ، صاعقہ D- مذکورہ بالا سبھی

1 16- آسمان، ستاروں اور موسموں سے کونسا علم بحث کرتا ہے؟
6 A- علم منطق B -علم ہیئت
C- علم النفس D- علم طب

1 17- خط سرطان کہاں واقع ہے؟
7 A-خط استواء سے 23.5 درجہ جنوب کی طرف B- خط استواء سے 23.5 درجہ شمال کی طرف
C- خط استواء کے بالمقابل D -کرۂ ارض کے عین مرکز میں

1 18- خط استواء کے بالمقابل نویں آسمان کی گردش سے جو دائرہ پیدا ہوتا ہے اس کا نام؟
8 A- زوال B-معدّل النہار
C- خط سرطان D-خط جدی

1 19- موجودہ دور میں علم النفس کی تعریف کیا طے پائی ہے؟
9 A- نفس کے جملہ متعلقات کا مطالعہ B-انسانی شعور کا مطالعہ
C- انسانی عقل کا مطالعہ D-انسانی رویہ اور کردار کا مطالعہ

2 20- علم النفس کا تعلق مندرجہ ذیل علوم میں سے کس علم سے ہے؟
0 A- صرف علم طب سے B-صرف تعلیم وتربیت سے
C- صرف صنعت وحرفت سے D-مذکورہ بالا سبھی سے

**Write a short essay on the following: 8 X 5 = 40**

21 منطق کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کیجئے۔

22 دلالت لفظی وضعی کی اقسام مع مثالوں کے تحریر کیجئے۔

23 مفہوم کی دو نوں قسموں یعنی کلی اور جزئی کی تعریف مع مثالوں کے قلمبند کیجئے۔

24 قیاس کی تعریف بیان کیجئے اور قیاس کے ذریعہ نتیجہ نکالنے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

25 حرکت اور سکون کی تعریف بیان کرتےہوئے واضح کیجئے کہ حرکت کے لئے کن چھ چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

26 قوی مدرکہ باطنی سے کیا مراد ہے؟ واضح کیجئے۔

27 علم ہیئت کی تعریف لکھئے اور علم طب سے اس کا تعلق واضح کیجئے۔

28 علم النفس کی تعریف بیان کیجئے اور اس کی مشہور شاخوں کا مختصر تذکرہ کیجئے۔

**Write an essay on the following: 4 X 10 = 40**

29 علم کی لغوی واصطلاحی تعریف بیان کیجئے اور اس کی جملہ اقسام پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

30 کلیات خمسہ پر اپنی معلومات تفصیل سے قلمبند کیجئے۔

31 مکان کی تعریف بیان کیجئے اور اس کی حقیقت کے بارے میں حکماء کا اختلاف تفصیل سے ذکر کیجئے۔

32 نفس ناطقہ کے بارے میں اپنی معلومات تفصیل کے ساتھ قلمبند کیجئے۔

*****